آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

از دفتر مہتمم دارالفلاح محکمہ سماجی بہبود میر پور

﴿ٹینڈر نوٹس﴾

زیر دستخطی کو محکمہ سماجی بہبود کے تحت قائم کاشانہ سینٹر میر پور میں رہائش پذیر طالبات کے لیے مالی سال 24-2023 کے لیے اشیاء خورونوش کی خریداری کے سلسلہ میں مالی طور پر مستحکم رجسٹرڈ ٹیکس دہندگان دکاندار/ سپلائر حضرات سے درج ذیل شرائط کے ساتھ سر بمہر ٹینڈرز مطلوب ہیں جو مورخہ 02 اکتوبر 2023ء بروز پیر بوقت 12:00 بجے دن تک وصول کیے جائیں گے اور اسی دن بوقت 12:30 بجے دن حاضر ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز نمائندوں کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

شرائط:-

-1 ٹینڈرز AJKPPRA رولز 2017ء میں مخصوص طریقہ Single Stage - One Envelope کے تحت وصول کیے جائیں گے۔

-2 ٹینڈرز کے ہمراہ کال ڈیپازٹ رقمی مبلغ -/15600 (پندرہ ہزار چھ صد) روپے بنام مہتمم دارالفلاح میر پور (قابل واپسی) شامل کی جانا ہوگی۔

-3 اشیاء کی تفصیل و دیگر معلومات دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

-4 ٹینڈر میں جی ایس ٹی/ انکم ٹیکس دہندگان رجسٹرڈ دکاندار/ سپلائرز/ فرمز ہی حصہ لے سکتی ہیں جس کی تصدیق شامل کی جانا ضروری ہوگی۔

-5 تمام بلیک لسٹڈ دکاندار/ سپلائرز/ فرمز بڈنگ میں شرکت کے لیے نااہل ہوں گی۔ ٹینڈر دہندہ کی جانب سے بلیک لسٹ نہ ہونے کی نسبت بیان حلفی اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ شامل کی جانی ضروری ہے۔

-6 نامکمل یا مقررہ تاریخ و وقت کے بعد موصول ہونے والی کوٹیشنز قابل قبول نہ ہوں گی۔

-7 سامان کی خریداری AJKPPRA رولز کے تحت عمل میں لائی جائے گی اور خریداری میں AJKPPRA رولز کے تحت کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔

-8 کامیاب ٹینڈر دہندہ سپلائی آرڈر جاری ہونے کے بعد فوری بنیادوں پر بمطابق ضرورت سامان کاشانہ سینٹر میں فراہم کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

-9 پرچیز کمیٹی کو AJKPPRA رولز کے قاعدہ 33 کے تحت اختیار حاصل ہوگا کہ وہ جملہ ٹینڈر منظور یا مسترد کر دے۔

-10 کامیاب ٹینڈر دہندہ سامان 30 جون 2024ء تک حسب ضرورت سپلائی کرنے کا پابند ہوگا۔

-11 بل کی ادائیگی محکمہ حسابات سے بل پاس ہونے پر کی جائے گی۔

-12 بل سے آزاد جموں و کشمیر میں مروجہ ٹیکسز کی وضعگی عمل میں لائی جائے گی۔

-13 اشتہار AJKPPRA کی ویب سائیٹ سے ملاحظہ و ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے نیز Bid Evaluation Report بھی AJKPPRA کی ویب سائیٹ پر اپ لوڈ کی جائے گی۔

شاہین اختر

مہتمم دارالفلاح میر پور

دفتر نزد آفیسرز کالونی، سیکٹر A/2 میر پور

فون نمبر دفتر: 05827-921483